لغاتِ اضداد
مرتب
ریاض احمد شریف ریاضؔ صابر

خالص اللہ کی رضا اور جذبۂ خدمتِ خلق کے تحت کتب کی پی ڈی ایف فائلز بنائی جاتی ہیں۔
کسی بھی قسم کا کاروباری مفاد پیشِ نظر نہیں۔ دعاؤں میں یاد رکھیں۔ شکریہ

PDF By : Ghulam Mustafa Daaim Awan

لغاتِ اضداد

مرتب:

ریاض احمد شریف ریاضؔ صابر

ناشر:

شریف پبلیشرس

نمبر 3/33، بیسواں کراس، رکنا نگر، بنگلور

Title : LUGHAT-E-AZDAD
Author : RIAZ AHMED SHARIFF RIAZ SABIR
Address : # 33/3, 20th Cross, Kanakanagar, Bangalore.
Cell: 9902528498

نام کتاب : لغاتِ اضداد
مرتب : ریاض احمد شریف ریاض صابر
سن اشاعت : 2016ء
تعدادِ اشاعت : 500
قیمت : -/104
کمپیوٹر ٹائپنگ : کلیم اللہ، رخشاں ڈی ٹی پی سنٹر، شیواجی نگر، بنگلور
سرورق : محمد مکرم (مقیم تنزانیہ)
مطبع : سِگما پرنٹس، بنگلور

یہ کتاب قومی کونسل برائے فروغ اردو زبان نئی دہلی کے مالی تعاون سے شائع کی گئی۔

ملنے کے پتے:

1 نمبر 33/3، بیسواں کراس، کنکا نگر، بنگلور — فون: 9902528498
2 قومی کونسل برائے فروغ اردو زبان، نئی دہلی
3 رخشاں ڈی ٹی پی سنٹر، شیواجی نگر، بنگلور-51 — فون: 9980996417
4 محبوب بکڈپو، مقابل رسل مارکٹ، شیواجی نگر، بنگلور-51 — فون: 9538293903
5 شریف بک سنٹر، نزد رسل مارکٹ، شیواجی نگر، بنگلور-51 — فون: 080-22860044

اِنتساب

میرے مرحوم والدین

مولوی کے۔احمد شریف صابرؔ کولاری

اور

سراج النساء

کے نام

ریاضؔ صابر

بسم اللہ الرحمن الرحیم

پیش لفظ

لغات نویسی ایک مشکل کام ہے۔ اور ایک مخلوط زبان ''اردو'' میں ''اضداد'' کو موضوع بنا کر حروفِ تہجی کی ترتیب کے ساتھ اسے لغات کی شکل میں منظرِ عام پر لانا جوئے شیر لانے سے کم نہیں ۔ ویسے اردو میں کئی لغات کی کتابیں ہیں۔ اگر ہم ان تمام کتابوں کی ورق گردانی کریں تو ہمیں ان ضخیم کتابوں سے دو ڈھائی سو سے زیادہ اضداد نہیں ملیں گے۔ لیکن آج کل درسی کتابوں کے مشقی سوالات، ٹی ای ٹی، سی ای ٹی اور دیگر امتحانی سوالات کے پرچوں میں ''تعداد'' ''الفاظ کا معنوی فرق'' ''اضداد'' وغیرہ سے متعلق جو سوالات پوچھے جا رہے ہیں اس سے طلبہ اور اساتذہ کی بے چینی میں روز بروز اضافہ ہو رہا ہے۔ غرض طلبہ اور اساتذہ کی اسی بے چینی کو دور کرنے کے لئے احقر نے اب تک تین موضوعات: ''لغاتِ الفاظ کا معنوی فرق'' ۔ ''لغاتِ تعداد'' اور ۔ ''لغاتِ اصطلاحات جغرافیہ'' پر قلم اٹھانے کے بعد ''لغاتِ اضداد'' کو مرتب کر کے ان کی ضرورتوں کو پورا کرنے کی سعی کی ہے۔

مجھے امید ہے کہ یہ لغات بھی میری دوسری لغات کی کتابوں کی طرح طلبہ اور اساتذہ کی ضرورتوں کا احاطہ کرے گی۔

لغاتِ ہذا میں تقریباً 9000 ہزار اضداد ہیں۔ سچ پوچھئے تو یہ کام ایک مشترک گروہی کام (Team Work) تھا، لیکن میں نے اسے یکہ وتنہا تین سال کی محنتِ شاقہ کے بعد آپ کے سامنے لایا ہے۔ مجھے خود پتہ نہیں کہ اس کام میں مجھے کہاں تک کامیابی ملی ہے۔ اس کا فیصلہ میں آپ پر چھوڑتا ہوں۔ میں ایک انسان ہوں۔ ہوسکتا ہے احتیاط کے باوجود مجھ سے کئی غلطیاں سرزد ہوئی ہوں گی، اگر کوئی غلطی نظر آئے تو ازراہِ کرم ناچیز کو اس سے آگاہ فرمائیں، انشاء اللہ آئندہ ایڈیشن میں میری غلطی کا اعتراف کرتے ہوئے آپ کے شکریہ کے ساتھ اسے منظرِ عام پر لاؤں گا۔

لغات کی تدوین میں جن باتوں کو ملحوظ رکھا گیا ہے وہ یہ ہیں:

1 تمام الفاظ حروفِ تہجی کی ترتیب کے مطابق درج کئے گئے ہیں۔

2 تقریباً تمام الفاظ پر اعراب لگا کر صحیح تلفظ کی ادائیگی کو آسان کر دیا گیا ہے۔

3 لغات میں شامل کسی لفظ کے تلفظ میں اختلاف ہے تو اس کی بھی نشاندہی کر دی گئی ہے۔

4 ضرورت کے تحت ذو معنی الفاظ کے اضداد الگ الگ کر کے بتا دیئے گئے ہیں۔

آخر میں، میں میرے کرم فرما محترم راہی فدائی صاحب، محترم گوہر ترکیری وی صاحب، محترم [illegible]د اقبال صاحب (سابق ادبی ایڈیٹر، روزنامہ سالار بنگلور)، محترم سردار پاشاہ صاحب مظہر ملباگلی [illegible]ور محترمہ شائستہ یوسف صاحبہ (صدر محفل نساء بنگلور) کا شکر گزار ہوں جنہوں نے قدم قدم پر میری [illegible]ہنمائی کی اور اپنا قیمتی وقت نکال کر اس کتاب پر نظرِ ثانی کر کے میرا کام آسان کر دیا۔ ساتھ ساتھ [illegible]ں محترم کلیم اللہ صاحب، رخشاں ڈی ٹی پی سنٹر کا بھی شکریہ ادا کرتا ہوں، جنہوں نے بہت کم مدت [illegible]ں کمپیوٹر ٹائپنگ کا کام انجام دیا۔

خادمِ اُردو

ریاض صابر

آ

آ x جا

آبِ اِستادہ x آبِ رَواں، آبِ جاری

آبِ تلخ x آبِ شیریں

آبِ جاری x آبِ اِستادہ

آبِ رَواں x آبِ اِستادہ

آبِ شیریں x آبِ تلخ

آبنائے x خاکنائے

آباء x آل، اَولاد

آباءواَجداد x آل، اَولاد

آباد x ویران، بنجر

آبادی x ویرانی، اُجاڑ

آبائی x وَلدی

آبرو x ذِلّت، رُسوائی، بے وقری

آپ x ہم

آپ بیتی x جگ بیتی (بول چال)

آپ کاج x پَرکاج

آتش مِزاج x متحمّل مزاج، سَرد مزاج

آتشی x خاکی

آشنا x شریر

آج x کل

آجر x آجیر

آختہ x آنڈو

آخر x اَوّل

آخرالذّکر x اَوّل الذّکر

آخرت x دُنیا

آخِری x اَوّل، پہلا

آخِرین x اَوّلین

آداب x بے اَدَبی، بے تہذیبی

آدمیت x عَدمِ انسانیت، بے رَحمی، سنگدلی

ادھا x پُورا، سارا، پورے کا پورا

آدھی x پُوری، ساری

آراستگی x بَدنُمائی

آراستہ x بَدنُما، بے آرائش، سادہ، بَدہَیئت

آرام x بے آرام، کام، بے چینی، تکلیف

آرام پسند x محنت کش، جفاکش، محنتی

آرام دِہ x تکلیف دِہ

آرام رَساں x ایذارَساں

آرام طَلَب x محنتی، محنت کش، جفاکش

آرائش x بَدنُمائی

آرزو x عَدمِ مَیلان، نفرت

آرزومَند x نارضامند

آرزومندی x نارضامندی
آڑا x کھڑا
آڑی x کھڑی
آزاد x پابند، غلام
آزادرو x لکیر کا فقیر
آزادی x غلامی، پابندی
آزار x صحت، تندرستی
آزردگی x خوشی، خرمی
آزردہ x خوش، خرم
آزمائشی (تجرباتی) x نظری
آزمودہ x ناآزمودہ
آزمودہ کار x ناآزمودہ کار
آس x نراس
آسان x دشوار، مشکل
آسانی x دشواری
آسانیاں x دشواریاں
آسائش x صعوبت، مصیبت
آسائش بخش x ضرر رساں
آس پاس x پرے، دور افتادہ، دور دراز
آسمان زمین (بول چال)
آسمانی x زمینی، ارضی
آسودگی x بدحالی، زبوں حال

آسودہ x بدحال
آسودہ حال x بدحال
آسودہ حالی x زبوں حالی، بدحالی
آشا x گھمن
آشتی x رزم، جنگ، نااتفاقی، نفاق، (دوستی) دشمنی
آشفتگی x دل جمعی، آسودگی
آشفتہ x آسودہ، مطمئن
آشفتہ حال x آسودہ حال، خوش حال
آشفتہ حالی x آسودہ حالی، خوش حالی
آشکار x پوشیدہ، پنہاں
آشنا x ناآشنا، بیگانہ
آشنائی x ناآشنائی، بیگانگی
آشیرباد x سراپ، شراپ
آغاز x انجام، اختتام، خاتمہ
آفت x رحمت، راحت
آفتاب x ماہتاب (بول چال)
آفتاب گوں x ابر آلود
آفتابی x ماہتابی، قمری (بول چال)
آفرینش x نکوہش، سرزنش
آقا x غلام، نوکر
آکاش x دھرتی (بول چال)

آگا x پیچھا

آگاہ x بے خبر، ناواقف

آگاہی x بے خبری، ناواقفیت

آگہی x بے خبری، ناواقفیت

آگے x پیچھے

آگے آگے x پیچھے پیچھے

آگیا (حکم) x بنتی، التجا، التماس، گزارش

آل x جدِ امجد، اجداد

آل اولاد x آباء واجداد

آلائش x ستھرائی، پاکیزگی

آلسی x محنتی، پھرتیلا

آلکسی x چستی

آلودگی x پاکیزگی، پاکی

آلودہ x غیر آلودہ، پاک

آمادگی x نارضامندی

آمادہ x نارضامند

آمد (آنا) x رفت

آمد (آمدنی) x خرچ

آمد (بلا تکلف) x آورد

آمدنی x خرچ

آمر x جمہوریت پسند

آمریت x جمہوریت

آنا x جانا

آنڈو x خصی، بدھیا، آختہ

آوارگی (بدچلنی) x نیک چلنی، خوش خلقی

آوارہ (بدچلن) x نیک چلن

آوارہ گرد x نیک چلن

آوارہ گردی x نیک چلنی

آوارہ مزاج x متفکر، (بدچلن) نیک چلن

آواز x سکوت، خاموشی، سناٹا

آوازہ (شہرہ) x بدنامی، رسوائی

آورد x آمد

آہ x واہ

آہٹ x چپ، سناٹا، خاموشی

آہستگی x تیز رفتاری، تیزی، زود روی

آہستہ x جلدی

آہستہ آہستہ x جلدی جلدی

آہستہ رو x تیز رو

آؤ x جاؤ

آؤ بھگت x بدا، خیر باد

آئندہ x گزشتہ

ا

اَب x تب

اَب وجد x آل اولاد

لفظ		ضد
اِباحت (اجازت)	x	مُمانعت، مُزاحمت، اِمتناع
اِبتدا	x	اِنتہا
اِبتدائی	x	اِنتہائی
اِبتدائی تعلیم	x	ثانوی تعلیم
اَبتر (بدحال)	x	آسودہ حال، خوش حال
اَبتری	x	آسودگی، خوش حالی
اَبد	x	اَزل
اَبدی	x	اَزلی
اَبر آلود	x	آفتاب گوں، مطلع صاف
اَبرہ (اَبرا)	x	اَستر
اِبطال	x	اِثبات
اَبلہ	x	عاقل
اِبلیس	x	فرِشتہ (بول چال)
اُبھار	x	اُتران
اَبھاگی	x	بھاگوان
اَپمان	x	ساکھ
اَپنا	x	پرایا، غیر
اَپنائیت	x	غیریت
اَپنی	x	پرائی
اَپنے	x	پرائے
اُتار	x	چڑھاؤ
اُترائی	x	چڑھائی

لفظ		ضد
اُترنا	x	چڑھنا
اِتصال	x	اَنفِصال
اِتفاق	x	عدم اِتفاق، اِختلاف، نااِتفاقی، نفاق
اِتفاق رائے	x	نارضامندی
اِتفاقاً	x	اِرادتاً، قصداً، عمداً، بالقصد
اِتفاقی	x	بالارادہ، اِرادی، بالعمد
	x	(تلفظ۔ بل۔ اِ۔ را۔ دہ)
اِتفاقیہ	x	ارادی، ارادتاً
اُتم (بہت ہی اچھا)	x	نکھد (بہت ہی برا)
اِتمام	x	عدم تکمیل، ناتمامی
اِتنا	x	اُتنا
اُتنا	x	اِتنا
اِتنی	x	اُتنی
اُتنی	x	اِتنی
اِتنے	x	اُتنے
اُتنے	x	اِتنے
اِتہام (شک وشبہ)	x	اِعتماد، بھروسہ
اِتہام	x	ستائش، توصیف
اَتھاہ	x	اُتھلا
اَٹکھیلی (شوخی)	x	اُداسی
اِثبات	x	نفی، اِبطال

اثباتی (اقراری) x انکاری

اثر انگیز x بے اثر

اثر پذیر x غیر اثر پذیر

اثم x خیر، نیکی

اثیم x معصوم، بے گناہ، بے خطا

اجارہ (ٹھیکا) x امانی

اجارہ دار x جاگیر دار، مالکِ مکان، صاحب جائیداد

اجارہ داری x مقابلہ (تجارت میں) مسابقت

اجاڑ (ویران) x آباد

اجاڑا x بسایا

اجازت x ممانعت

اجاگر x ماند

اجالا x اندھیرا

اجبار (جبر۔ستم) x تائید، حمایت

اجتماع x بکھراؤ، انتشار

اجتماعی x انفرادی

اجتماعی طور پر x انفرادی طور پر

اجتماعیت x انفرادیت

اجتناب x طلب

اجتہاد x عدم حرکت، یا عدم عمل، بے حرکتی

اجداد x آل، اولاد

اجڈ x سیانا، عقل مند

اجر (نیکی کا بدلہ) x سزا

اجرا x اختتام

اجرت x انعام، بخشش

اجڑا x آباد، پر رونق

اجڑنا x آباد ہونا

اجل (موت) x ولادت

اجل گرفتہ x زندۂ جاوید

اجلا x میلا، کالا (بول چال)

اجلا پن x میلا پن، کالا پن

اجلاف x اشراف

اجمال x تفصیل

اجمالی x تفصیلی

اجنبی x شناسا

اجنبیت x شناسائی

اجیر x آجر

اچانک x بچ بچ، آہستہ آہستہ

اچھا x برا

اِچھا x نراش

اچھی x بری

اچھے x برے

احتجاج x قبولیت، رضامندی، منظوری، تائید

احتراز x لطف اندوزی
احترام x سبکی، حقارت
احتمال (گمان) x ایقان، یقین
احتیاج (مفلسی) x آسودگی، استغنا پذیری
احتیاط x بے احتیاطی، بے پروائی، کوتاہی
احتیاط آمیز x بے احتیاط
احتیاطاً x بے توجہی سے
احساس x ادراک، فہم
احسان x ذلالت، دنائت
احسان فراموش x احسان مند، ممنونِ احسان
احسان فراموشی x احسان مندی
احسان مند x احسان فراموش، احسان ناشناس
احسان مندی x احسان فراموشی، احسان ناشناسی
احسان ناشناس x احسان مند
احسن x بدترین
اکثر x ارفع
احمق x عاقل
احمقانہ x ہوش مندانہ، مدبرانہ
احیا x اخفا
اختتام x آغاز
اختتامیہ x افتتاحیہ
اختراع x امرِ واقعہ

اختصار x طوالت
اختصاص x تعمیم (عمومیت)
اختصاصی x ماہرِ عمومی
اختلاط (میل جول) x جدائی، علٰحدگی
اختلاف x اتفاق، موافقت
اختلافِ رائے x اتفاقِ رائے، ہم خیالی، ہم آہنگی
اختلال x حمایت، تائید
اختیار x بے بسی
اختیاری x لازمی
اخذ (لینا) x تفویض
اخریٰ x اولیٰ
اخراج (خرج کی جمع) x وصولی
اخراج (نکلنا) x اندراج
اخراجات x وصولیات
اخفا x افشا
اخلاص x عدمِ اخلاص، ریاکاری
اخلاص مند x غیر مخلص
اخلاص مندی x عدمِ اخلاص، ریاکاری
اخلاف x اسلاف
اخلاق x بداخلاقی
اخیر x اوّل
اداس x شوخ، خوش، مگن، خوش وخرم

اُداسی x شوخی، خوشی

اَدائی x وصولی

اَدَب x بے اَدَبی ناشائستگی، بیہودگی

اِدبار (بدنصیبی) x اِقبال

اِدراک x عدمِ اِدراک

اَدنیٰ x اعلیٰ

اُدھار x رُوکڑ، نقد

اِدھر x اُدھر

اُدھر x اِدھر

اَدھورا x پُورا، مکمل

اَدھوڑی x نَری

اَدھوڑی اَستر x نَری اَستر

اَذِیّت x راحت، اِستراحت

اِرادت (خواہش) x بیزاری، نفرت

اِرادہ x ہمت شکنی، سعی، سرگرمی

اِرادی x غیر ارادی، حادثاتی

اِرتباط x افتراق، اختلاف، علیحدگی

(میل جول) x عداوت

اِرتحال (رحلت) x ولادت

اِرتفاع (اونچائی) x عُمق

اِرتقاء (عروج) x زوال

اَرذل x اشرف

اَرزاں x گراں

اَرزاں بہا x گراں بہا

اَرزانی x گرانی

اِرسال x حصول، تحصیل

اِرشاد (حکم) x اِلتجا، اِلتماس

اَرض x سما

اَرضی x سماوی

اَرفع (عالی مرتبہ) x اَرذل

اِزدواج x ناکتخدائی

اَزل x اَبد

اِس x اُس

اُس x اِس

اُستاد x شاگرد

اِستادگی (پائیداری) x ناپائیداری

اُستادی x شاگردی

اِستبداد x جمہوریت پسندی

اِستبدادی x جمہوریت پسند

اِستبدادیت x جمہوریت

اِستحالتِ منفی x اِستحالت

اِستحسان x ناپسندیدگی، تردید

اِستحکام x ناپائیداری، بے ثباتی

اِستثنا x اِشتمال

استثنائی x احتمال

استر x اَبرہ

استراحت (سکون) x سرگرمی، ہل چل، اذیت

استطاعت x بے بسی، بے طاقتی، محکومی

استعداد x بے بسی، بے سروسامانی،

x بے مقدوری، عدم استطاعت

استعفا x مقاومت، مزاحمت،

(معافی چاہنا) x (دستبرداری عہدے سے) برقراری (کی حالت)

استقامت x بے استقلالی، ضعف ارادہ،

x ناپائیداری

استقبال x الوداع، وداع، خیر باد

استقبالیہ x وداعیہ

استقلال x بے استقلالی

استمراری (دوامی) x عارضی، سریع الزوال

استوا x نابرابری، ناہمواری

استوار x نحیف، ناپائیدار، کمزور

استواری x ناپائیداری، کمزوری، نقاہت

استہزا x تعریف، ستائش، لحاظ، احترام

استیصال x تخلیق

اسراف x جزرسی، کنجوسی

اسطورہ (قصہ) x حقیقت

اسفل x اعلیٰ، افضل

اسفل ترین x اعلیٰ ترین، افضل ترین

اسلاف x اخلاف

اسلام x کفر

اسلوب x بداسلوبی

اسود x سپید، سفید

اسہال x قبض

اسیر x بری، آزاد

اسیری x آزادی، برأت، حریت

اشتراک x رقابت

اشتراکی x سرمایہ دار

اشتراکیت x سرمایہ داری

اشتراکیت پسند x سرمایہ داری پسند

اشتعال x تسکین، تشفی، تسلی، دلاسا

اشتمال x اخراج، استثنا

اشتہا x تشفی، شکم سیر

اشتہار x تجاہل، چشم پوشی

اشتہاری x بے اعلان

اشتیاق x بیزاری، نفرت

اشد ضروری x غیر ضروری

اشراق x جھٹ پٹا، دھندلکا

اشرف x ارذل

اشفاق x بے رحمی، سفاکی

اَشک آلود x پُرانبساط (اِم۔ب۔ساط)
اَشلوک (نظم) x نثر
اَشوبھا x سُندرتا
اَشیرباد x سَراپ
اَصالت x نقل، کھوٹاپن
اَصالتاً x وکالتاً
اِصرار (ضد) x اِنکساری، عاجزی، نرمی
اِصراف x بخل، کفایت شعاری
اَصغر x اَکبر
اَصل x نقل
اَصل x فرع
اَصل مسوّدہ x چربہ
اِصلاح (درستی) x ابتری، پراگندگی، فتور
اَصلی x نقلی
اَصلیت x گھڑت، ساخت
اُصولی x عملی
اَصیل x کم اصل
اِضافہ x تخفیف، اِفاقہ (مرض میں کمی)
اِضطراب x اِطمینان
اِضمحلال x فعالیت پذیری، مستعدی
اِطاعت x نافرمانی، بغاوت
اِطاعت شعار x نخوت شعار

اِطاعت گزار x نافرمان، باغی
اِطاعت گزاری x نافرمانی
اِطمینان x اِضطراب، عدم اطمینان
اِطمینان بخش x غیر اِطمینان بخش، بے اطمینانی
اِظہار x پوشیدگی، پردہ داری، پردگی
اِختیاری x بے اختیاری، عدم اعتماد
اِعتباری x ناقابل اعتبار، غیر معتبر، ناقابل اعتماد
اِعتدال x عدم اعتدال، بے اعتدالی
اِعتدال پسند x بے اعتدال (بول چال)، انتہا پسند
اِعتراض x منظوری، رضامندی، حمایت، تعریف
اِعتراف x تردید، انکار، رد
اِعتزال x انضمام
اِعتقاد x بے اعتقادی، بے اعتمادی
اِعتماد x عدم اعتماد، بد اعتمادی
اِعتنا x تغافل، بے پروائی
اِعراض x توجہ
اِعزاز x توہین، تحقیر، استہزا
اِعزازی (بلامعاوضہ کام) پُر منفعت
اَعظم x اصغر
اِعلان x اِخفا
اَعلیٰ x ادنیٰ، اسفل
اَعلیٰ تر x کم تر

اعلیٰ ترین x اسفل ترین
اعلیٰ خاندان x کم ذات، سفلہ
اعلیٰ ظرفی x تنگ ظرفی
اعمال x اقوال
اغلب x غیر اغلب
افادہ x خسارہ، نقصان
افادیت x لاحاصلی
افاقہ x اضافہ
افتادگی (عاجزی) x غرور، تکبر، شیخی
افتادہ (درماندہ) x آسودہ، خوشحال، سکھی
افتتاح x اختتام
افتتاحیہ x اختتامیہ
افتراق x اتحاد
افراتفری x ربط وضبط، امن چین
افراط x تفریط
افراطِ زر x تفریطِ زر
افراط وتفریط x اعتدال، نہ کمی نہ زیادتی، میانہ روی
افزائش x تخفیف
افزوں x کم، کم یاب
افزونی x کمی، کم یابی
افسانوی x امرِ واقعی، واقعی، حقیقی
افسانہ x حقیقت، امرِ واقعہ، واقعہ
افسردگی x خوشی
افسردہ x خوش
افسردہ کن x خوش کن
افسردہ مزاج x شگفتہ مزاج
افسوس x بے ندامتی
افسوں x حکمت
افشا x اخفا
افضل (بہترین) x بدترین (بزرگ ترین) اسفل
افطار x صوم، روزہ
افلاس x امارت، ثروت، دولتمندی
افواہ x مسلمہ حقیقت، صدق بیان، صداقت
اقامت x اقدام، کوچ
اقبال (خوش قسمتی) x بدبار، بد اقبالی
اقبال (اقرار) x انکار
اقبال مند x بدقسمت، بدنصیب، ابھاگی
اقبال مندی x بدنصیبی، بدقسمتی
اقبالی x انکاری (بول چال) منکر
اقتدار x بے بسی، بے اختیاری، ناطاقتی
اقتصاد (میانہ روی) x بے اعتدالی
اقتصادی (معاشی) x غیر معاشی، غیر اقتصادی
اقدام x تساہل، تعویق، لیت ولعل، ٹال مٹول

اِقرار x اِنکار

اِقراری x اِنکاری

اَقلیت x اَکثریت

اَقوال x اَعمال

اِکا x دُوکا

اَکارت x صحیح سلامت (بے فائدہ) فائدہ مند

اَکبر x اَصغر

اَکتاہٹ x تفریح

اِکتساب x دَست بَرداری، واگُزاشت،

x دست کشی

اِکتفا x عدم تَسلّی، عدم تسکین،

x بے اطمینانی

اِکٹھا x بِکھر بِکھر، الگ، الگ الگ

اَکثر x شاذ، گاہ گاہ، کبھی کبھی

اَکثریت x اَقلیت

اِکراہ x رَغبت، مُحبّت، چاہت، پیار

اَکڑ x عاجزی

اَکڑ باز x عاجز

اَکڑ بازی x عاجزی، عجز و انکسار

اُکسانا x دَبانا

اُکھاڑنا x جمانا، گاڑنا

اِکٹھے x الگ الگ، اکیلے، تنہا

اِکہرا x دوہرا

اَکیلا x دُکیلا

اَگاڑی x پچھاڑی

اَگلا x پچھلا

اَگلی x پچھلی

اَگلے x پچھلے

اَگواڑا x پچھواڑا

اَگھڑ x پھوہڑ

اَگھوری x دَیالو

اَگیانی x گیانی

اَلار x دَباؤ

اِلتجا x حُکم

اِلتفات (توجہ) x بے توجہی، کم اِلتفات

اِلتماس x حُکم، اِرشاد، فرمان

اِلتوا x پیش رفت

اُلٹا x سیدھا

اُلٹی x سیدھی

اُلٹی بات x سیدھی بات

اُلٹے x سیدھے

اُلجھا x سُلجھا

اُلجھانا x سُلجھانا

اُلجھاؤ x سُلجھاؤ، سمجھوتا

اُلجھن x سُلجھاؤ، بے فکری

اُلجھنا x سُلجھنا

اِلحاد x توحید پرستی، خدا پرستی

اِلحاق x جُدائی، علیحدگی

اَلحال (ابھی) x بعد ازاں، بعد میں

اَلحق (بے شک) x غیر یقینی طور پر

اِلزام x تحفّظ، بچاؤ، ستائش، قصیدہ خوانی

اِلزام تراش x قصوروار

اِلزام دہی x اظہارِ تحسین

اُلفت x نفرت

اَلکسی (آلکس) x چُستی، پھُرتی

اَلگ x مشترک، جُڑا ہوا، مِلا ہوا، پیوست

اَلگ، اَلگ x باہم، باہم دگر، اکٹھے، مِل کر

اَلگ تھلگ x پیوستہ، جُڑا ہوا، مِلا ہوا

اَلم x مسرّت، خوشی، انبساط ([illegible])

اَلم انگیز x اطمینان بخش، آرائش بخش

اَلم ناک x اطمینان بخش، آسائش بخش

اَلمیہ x طربیہ

اَلمیہ x مزاحیہ

اَلوداع x استقبال، خیر مقدم

اَلونا x سلونا

اُلوہیت x ابلیسیت

الٰہیات x تجربیات

اِمارت x افلاس

اَمانت x خیانت

اَمانت دار x بددیانت

اَمانت داری x بددیانتی

اَمانی x اجارہ

اِمتزاج (ہم آہنگی) x مفارقت، علیحدگی، جدائی

اِمتناع x اجازت، جواز

اِمتناعی x جوازی، اجازتی

اِمتیاز x مماثلت، بلا امتیاز

اِمداد x اعتراض، تعرض، مزاحمت

اِمدادی x مزاحم

اُمَراء x غُرباء

اَمرت x زہر

اَمرد (بے ریش) x باریش، داڑھیل، ریشائیل

اِمروز x کل

اِمساک (کنجوسی) x سخاوت، فیاضی، فراخدلی

اِمسال x پرسال، پارسال

اِمشب x کل شب، شبِ گزشتہ

اِمکان x عدمِ امکان، ناممکنت

اِمکانی x انہونی، ناممکن، محال، غیر ممکن

اِملاکِ غیر منقولہ x اِملاکِ منقولہ

املاک منقولہ x املاک غیر منقولہ
امن x جنگ، بے چینی، فساد
امن پسند x شورش پسند
امن چین x افراتفری، ہل چل
امن کوش x دہشت گرد
اُمنگ (جوش) x مُردہ دلی
امن واماں x افراتفری، ہلچل
امنیت x افراتفری، بے چینی، ہل چل
امول x بلا قدر و قیمت، سستے مول، سستا، دو کوڑی کا
اُمّی x خواندہ، پڑھا لکھا، تعلیم یافتہ
اُمید x نا اُمیدی، یاس، مایوسی
اُمید وار x نا اُمید، مایوس
اُمید واری x نا اُمیدی، مایوسی
اُمید واری x نا اُمیدی، مایوسی
اُمید واثق x شک وشبہ، اُمید موہوم
امیر x غریب
امیری x غریبی
امین x خائن، بے ایمان، بد دیانت
ان بن x میل ملاپ، موافقت
ان پڑھ x خواندہ، پڑھا لکھا
ان جان x واقف، شناسا

ان چت x سست رفتاری سے،
x دھیرے دھیرے
ان دیکھا x دیکھا ہوا، دیدہ
ان سنی x سنی ہوئی، سنی
اِن x اُن
اُن x اِن
ان مول x بلا قدر و قیمت، دو کوڑی کا
ان میل x موزوں، مناسب
ان بیاہے x بیاہے
ان ہوت x ہوت
ان ہونی x ہونی
اناڑی x کھلاڑی، تجربہ کار، سلیقہ مند، ماہر
اناڑی پن x کاریگری، ہنر مندی، اُستادی
انانیت x مسکنت، حلیمی، عاجزی
انبار x بکھراؤ، انتشار (اَم۔بار)
انبساط x ملال، اندوہ (اِم۔ب۔ساط)
انت x پہل
انتخاب x رد، نامنظوری
انتشار x اجتماع، مجمع (پراگندگی) فرخندگی
انتظام x ابتری، بد انتظامی، بد نظمی

اِنتظام کاری x بدانتظامی
اِنتقال (تبدیلی) x استحکام
اِنتقال x ولادت
اِنتقال پذیر x ناقابلِ انتقال
اِنتقام x درگزر، عفو
اِنتقامی x عفو پرور
اِنتہا x اِبتداء
اِنتہائی x اِبتدائی
اِنتہا پسند x اِعتدال پسند
اِنتہا پسندی x اِعتدال پسندی
اَنجام x آغاز
اَنجمن x اِنتشار، پھوٹ
اُنچائی x گہرائی
اُنچلا x نچلا
اِنحراف x راستی، سیدھا پن
انداز (قیاس) x وقوف (وضع) نازیبائی
اندازہ x تصدیق
اندازاً x ٹھیک، بجا، بالکل درست
اندر x باہر
اِندراج x اِخراج
اندرون x بیرون
اندرونی x بیرونی

اندوہ x خوشی
اندوہناک x مسرت بخش، پُرمسرت
اندھا x انکھیارا، بینا
اندھاپن x بینائی
اندھیر x ضیائے، تنظیم، انصاف
اندھیرا x اُجالا
اندھیری x آب و تاب، چمک دمک، روشنی
اندیشہ (خوف) x سلامتی، حفاظت، بچاؤ
x (فکر) اطمینان، چین
اندیشہ ناک x بے خطر، بلاخوف و خطر
اِنس x جن
اُنس (محبت) x نفرت، عناد (میل جول) علیحدگی، بے تعلقی
اِنسان x حیوان، (بول چال)
اِنسان دوست x خودغرض (انسان)
اِنسانی x حیوانی (بول چال)
اِنسانیت x عدمِ انسانیت، حیوانیت
اِنسداد x تقویت، حمایت
اِنصاف x ظلم، بے انصافی، ناانصافی
اِنضباط (نظم و ضبط) x بدنظمی، بدانتظامی
اِنضمام x اِنخزال
اِنعام x تعزیر، سزا

اِنعدام x تخلیق
اِنفراد x اِشتراک
اِنفرادی x اِجتماعی
اِنفرادی طور پر x اِجتماعی طور پر
اِنفرادیت x اِجتماعیت
اِنفعالیت x فعالیت
اِنقسام x اِتفاق، اِتحاد
اِنقلاب x تحفظ
اِنکار x اِقرار
اِنکاری x اِقراری
اِنکسار x تکبر، غرور
اِنکشاف x اِخفا
اَنکھیارا x اَندھا
اَنوار x ظلمات
اَنواسی x کنواری
اَنوپ x کھوٹا، نکما
اَنوٹھا x گھٹیا، معمولی، اَوَنی
اَنوٹھا x جھوٹا
اَنوکھا x معمولی، معروف،
x رَواجی، سادہ، عام
اِنہدام x تعمیر
اَنیائے x نیائے

اَواخر x اَوائل
اَوائی (آمد) x رَوانگی، چالان
اَوباش (بدچلن) x نیک چلن، خلیق
اَوباشی x نیک چلنی
اَوپر x نیچے
اوٹ (پردہ) x بےپردہ
اَوج x عمق، گہرائی
اَوجڑ x پُررونق، آباد، بھرا پُرا
اَوجھل x سامنے
اوچھا (کم ظرف) x عالی ظرف، بھلامانس،
اوچھا (ادھورا) x پُورا
اوچھاپن x عالی ظرفی، شرافت
اَودھم x سنّاٹا، ٹھہراؤ، سکون، اَمن وامان
اَودھمی (جھگڑالو) x اَمن پسند، صلح پسند، مائل بہ اَمن
اَوسان (ہوش وحواس) x بےہوشی، بےحسی
اَوسر x بارآور، زرخیز
اَوکھا (گھٹیا) x چوکھا، کھرا
اَوگن x گُن
اَوّل x آخر
اَولاد x جدِامجد، آباء
اُولوالعزم x ضعیف الارادہ، غیر مستقل
x مزاج (اُو۔لِل۔عزم)

اُولُوالعزمی x غیر مستقل مزاجی
اَوّلی x آخری
اَوّلین x آخرین
اُونچ x نیچ
اُونچا x نیچا
اُونچائی x گہرائی
اُونچے x نیچے
اَوندھا (اُلٹا) x سیدھا
اَوندھی x سیدھی
اَوندھے x سیدھے
اَویر x سَویرے
اِہانت x وقعت، عزت، توصیف
اِہتمام (انتظام) x بدنظمی
اَہل x نااَہل
اَہلِ ایمان x اَہلِ کفر
اَہلِ باطل x اَہلِ حق
اَہلِ توحید x اَہلِ شرک
اَہلِ حق x اَہلِ باطل
اَہلِ شرک x اَہلِ توحید
اَہلِ کفر x اَہلِ ایمان
اَہلیت x نااَہلیت
اَہم x غیر اَہم

اَہم ترین x کم اَہم
اِہمال (بے پروائی) x اِلتفات
اَہمیت x عدمِ اَہمیت، بے اَہمیت
x (اردو میں سکونِ دوم و بلا تشدید تا مستعمل ہے)
اِئتلاف (میل ملاپ) x اِختلاف، اِفتراق، قطعِ تعلق
اِیجاب x تردید
اِیجابی x تردیدی
اِیجاد x اَمرِ واقعہ، موجود
اِیذا x راحت، آرام، تسکین، نجات
اِیذا رساں x فرح بخش، راحت بخش
اِیذا رسانی x راحت رسانی
اِیفا x نقض
اِیفائے عہد x نقضِ عہد
اِیکا x بکھیڑا، بگاڑ، نااتفاقی
ایکا ایک x دھیرے دھیرے، ہولے ہولے
ایمان x کفر
ایماندار x بے ایمان
ایمانداری x بے ایمانی
اِیہام (شک) x اعتماد، بھروسا

ب

باسانی x بمشکل

بالاتفاق	x	عدم اتفاق سے، اختلاف کے ساتھ
بالاجمال	x	بالتفصیل، تفصیل سے
بالارادہ	x	غیر ارادی طور پر،
	x	حادثاتی طور پر، اتفاقاً
بالتفصیل	x	بالاجمال
بالجبر	x	بالارادہ
بالضرور	x	غیر یقینی طور پر، تذبذب کیساتھ
بالعموم	x	بالخصوص
بالکل	x	جزوی طور پر، کسی قدر
بالواسطہ	x	بلاواسطہ
باآبرو	x	بےآبرو
بااثر	x	بےاثر
بااختیار	x	بےاختیار
باادب	x	بےادب
باایمان	x	بےایمان
باتدبیر	x	بےتدبیر
باتمیز	x	بےتمیز
باحیا	x	بےحیا
باخبر	x	بےخبر
باذوق	x	بےذوق
بارسوخ	x	بےرسوخ

باشعور	x	بےشعور
باضابطہ	x	بےضابطہ
باقاعدہ	x	بےقاعدہ
باقرینہ	x	بےقرینہ
بامراد	x	بےمراد، نامراد
بامروت	x	بےمروت
بامزہ	x	بےمزہ
باوضو	x	بےوضو
باوفا	x	بےوفا
باوقار	x	بےوقار
باہم	x	فرداً، فرداً، الگ الگ
بادِ بہار	x	بادِ خزاں
بادِ خزاں	x	بادِ بہار
بادخواں	x	نکتہ چیں، معترض
بادِ سموم	x	بادِ صبا
بادِ صبا	x	بادِ سموم
بادِ مخالف	x	بادِ موافق، بادِ مراد
بادِ مراد	x	بادِ مخالف
بادشاہ	x	فقیر، درویش
بادشاہانہ	x	درویشانہ، فقیرانہ
بادشاہی	x	فقیری
باذل	x	بخیل، شوم

لفظ		ضد
بارآور	x	بارنا آور، غیر بارآور، بنجر، بے ثمر
بارانی	x	چاہی
بارانی زمین	x	چاہی زمین
باردار (پھل دار)	x	بے ثمر
بارو	x	حاذ
باریک	x	دبیز، موٹا
باریک بیں	x	کم فہم، کُند ذہن، بے عقل،
(تیز فہم)	x	کوتاہ اندیش
باریک بینی	x	کم فہمی، بے عقلی، کوتاہ اندیشی
باریکی (پتلا پن)	x	موٹاپن
باریکی	x	ناشائستگی، کرختگی
باسی	x	تازہ
باسی (ساکن)	x	سیلانی
باطل	x	حق
باطن	x	ظاہر
باطنی	x	ظاہری
باغی	x	مطیع، باوفا، وفادار، فرمانبردار
باغی	x	جنگلی
باقی	x	فانی
باک (خوف)	x	ہمت، جرأت
باکرہ	x	شادی شدہ
بالا	x	تہ، ذلیل، زیر
بالاخانہ	x	تہ خانہ
بالاتر	x	کم تر
بالادست	x	زیردست
بالائی (اوپری)	x	اندرونی
بالغ	x	نابالغ
بالیدگی	x	جمود، رکاؤ، رکاوٹ
بان	x	جوار، بھاٹا
بانا	x	تانا
بانٹ	x	سالم، اکٹھا (بٹوارا) ایکا، جوڑ، ملاپ
باندھنا	x	کھولنا
بانکا	x	پھوہڑ، بے ڈھنگا
بانکپن	x	پھوہڑ پن، بے ڈھنگا پن
بانگر	x	کھادر
باؤلا	x	سیانا، عاقل، سمجھ دار
باؤلاپن	x	سمجھ بوجھ، سمجھداری
باہر	x	اندر
باہم	x	فرداً، فرداً، الگ الگ
بائع	x	خریدار، گاہک
بائن	x	رجعی
بائیں	x	دائیں
بایاں	x	دایاں

بپتا x چین، سکھ

بٹوارا (تقسیم) x ایکا، ملاپ

بٹھانا x کھڑا کرنا

بجا x بے جا

بجا آوری x بے توجہی، بے پروائی

بچاؤ x خطرہ، حملہ

بچپن x جوانی

بچپنا x جوانی

بچت x خرچ

بچکانہ (طفلانہ) x بالغانہ

بچگی x جوانی، بالغی

بحال x برطرف

بحالی x برطرفی

بحث x مفاہمت، سمجھوتا، ہم خیالی

بحثِ قانونی x بحثِ واقعاتی

بحث واقعاتی x بحث قانونی

بحر x بر

بحری x بری

بخت x بدبختی

بخت آور x بدبخت

بخت آوری x بدبختی

بخرہ x سالم

بخشش x ہرجانہ، جرمانہ، تاوان

بخل x سخاوت

بخیل x سخی

بخیلی x دریادلی، فیاضی

بخیہ x ٹیپچی، ادھڑپن

بد x نیک

بداختر x نیک اختر

بداخلاق x خوش اخلاق، بااخلاق، شائستہ

بداخلاقی x شائستگی

بداسلوب x خوش اسلوب

بداطوار x خوش اطوار

بداعمال x نیک چلن

بداعمالی x نیک چلنی

بدافعال x نیک چلن، نیک افعال

بدامنی x امن

بدانتظامی x خوش انتظامی

بدانجام x نیک انجام

بداندیش x نیک اندیش

بدبخت x نیک بخت، بخت آور

بدبختی x نیک بختی، خوش اقبالی

بدبو x خوشبو

بدبودار x خوشبودار

بدتر x بہتر
بدترین x بہترین
بدتمیز x باتمیز، تمیزدار، خوش سلیقہ،
x منکسر المزاج
بدتمیزی x تمیزداری، خوش سلیقگی،
x منکسر المزاجی
بدتہذیب x مہذب، تہذیب یافتہ
بدچلن x نیک چلن
بدچلنی x نیک چلنی
بدحال x خوش حال
بدحالی x خوش حالی
بدحواس x حواس دار
بدحواسی x قوتِ احساس، حواس
بدخبر x خوش خبری
بدخصال x خوش خصال
بدخط x خوش خط
بدخطی x خوش خطی
بدخلق x خوش خلق
بدخو x خوش خو
بدخواہ x نیک خواہ، خیر خواہ
بدخواہی x نیک خواہی، خیر خواہی
بددعا x دعائے خیر

بددل x خوش دل، رضامند
بددلی x خوش دلی، رضامندی
بددیانت x دیانت دار
بددیانتی x دیانت داری
بدذات x نیک سیرت، نیک کردار
بدذاتی x خوش خلقی
بدذائقہ x خوش ذائقہ، مزیدار
بدذوق x باذوق، خوش ذوق، صاحب ذوق
بدذہن x ذہین
بدراہ x نیک چلن
بدزبان x خوش کلام
بدزیب x زیبا
بدساعت x نیک ساعت
بدسرشت x نیک سرشت
بدسگال x نیک خواہ، خیر خواہ
بدسگالی x نیک خواہی، خیر خواہی
بدسلوکی x نیک سلوک
بدسلیقہ x سلیقہ مند
بدسیرت x نیک سیرت، خوش سیر
بدشکل x خوب صورت، خوب رو، خوش رو
بدشگون x نیک شگون، نیک فال
بدشگونی x نیک فالی

بدشوق	x	شوقین
بدصورت	x	خوبصورت
بدصورتی	x	خوبصورتی
بدطالع	x	خوش طالع
بدطینت	x	نیک طینت، نیک سرشت
بدظن	x	پُر اعتماد، بااعتماد
بدظنی	x	بااعتمادی، خوش ظنی
بدعقیدہ	x	خوش عقیدہ
بدعہد	x	فرض شناس، وفادار
بدعہدی	x	وفاداری، فرض شناسی
بدفعل	x	خوش فعل، نیکوکار، پارسا
بدفعلی	x	خوش فعلی، نیکوکاری، پارسائی
بدقسمت	x	خوش قسمت، خوش نصیب
بدقسمتی	x	خوش قسمتی، خوش نصیبی
بدقطع	x	خوب رو، خوب صورت
بدکار	x	نیکوکار، نیک، خوش اطوار
بدکاری	x	پاکبازی، پارسائی، پاکدامنی
بدکردار	x	پارسا، خوش اطوار، خوش اخلاق
بدگمان	x	بااعتماد، خوش گمان
بدگمانی	x	بااعتمادی، خوش گمانی
بدلحاظ	x	باادب، مؤدب
بدلگام	x	مہذب، شائستہ
بدلگامی	x	شائستگی، خوش خلقی
بدمزاج	x	خوش مزاج، نیک مزاج، نیک طبع
	x	خوش اطوار
بدمزاجی	x	نیک مزاجی، نیک طبعی
بدمزگی (بے لطفی)	x	خوش ذوقی، دلپسندی
	x	(ذائقے کی خرابی) لذت
بدمزہ	x	خوش ذائقہ، مزیدار، لذیذ
بدمست (مدہوش)	x	ہوشمند
بدمستی (مدہوشی)	x	ہوشمندی
بدمعاش	x	شریف، بھلامانس، اصیل،
	x	عالی خاندان
بدمعاشی	x	شرافت، بھلمنسائی
بدمعاملگی	x	خوش معاملگی
بدمعاملہ	x	خوش معاملہ
بدنام	x	نیک نام، نام آور، نامی
بدنامی	x	نیک نامی، نام آوری، شہرت
بدنصیب	x	خوش نصیب
بدنصیبی	x	خوش نصیبی
بدنظمی	x	نظم وضبط
بدنما	x	خوشنما
بدنمائی	x	خوشنمائی

بد نہاد x نیک نہاد، نیک سرشت،

x خوش خصال

بد نیت x نیک نیت

بد بختی x نیک بختی

بد وضع x خوب رو، خوبصورت

x (بداطوار) خوش اطوار

بدہیئت x خوش وضع، خوبصورت، خوش شکل

بدلہ x معافی، عفو، درگزری

بدن x روح، جان، آتما

بدنی x روحانی

بدحائی x بہ سا

بدھو x سیانا، عقلمند، سمجھدار

بدھی x ناسمجھی، بے عقلی، بے وقوفی

بڑھیا x آنڈو

بدی x نیکی

بدیس x دیس (اپنا)، دیس

بدیسی x دیسی

بدیہی x نظری

بدیہیات x نظریات

بڈھا x گبھرو، نوجوان

بذلہ x متانت، سنجیدگی

بذلہ سنج x سنجیدہ، متین

بذلہ سنجی x سنجیدگی

برآمد x درآمد

برتر x کمتر

برتری x کمتری

برجستہ x بے محل، بے وقت، بے موقع

برحق x ناحق

برخاست x تعیّن، بحال

برخاستگی x تعیناتی، بحالی

برخلاف x مطابق (فصحا بخلاف کو ترجیح

x دیتے ہیں)

برداشت x بے صبری

برسرکار x بے کار

برطرف x بحال

برطرفی x بحالی

برعکس x موافق

برگزیدہ x مطرود، ناپسندیدہ

برگشتگی (بغاوت) x اطاعت، فرماں برداری

برگشتہ (باغی) x اطاعت شعار، فرماں پذیر

x فرماں بردار، مطیع

برمحل x بے محل

بروقت x بے وقت

برومند (کامیاب) x ناکامیاب (پھلدار) بے ثمر

برومندی x ناکامیابی (پھلداری) بے ثمری
بَحر x بَر
بَحرِ اعظم x بَرِّ اعظم
بُرا x اچھا، بھلا
بُرّاں x کُند
بُرائی x اچھائی، بھلائی
برباد x آباد
بربادی x آبادی
بَرتی x چَرتی
بُرد بار x بے صبر
بُرد باری x بے صبری
بیرون متن x دَرون متن
بَرکت x نحوست
برودت x تمازت
بیرون بینی x دَرون بینی
بیرون زوجیت x دَرون زوجیت
برہنگی x پوشش
برہنہ x ملفوف
برہنہ پا x جوتا پہنے
برہنہ سر x ڈھکا سر
بَری x جواب دِہ، ذمہ دار،
x (آزاد) قید، پابندی

بَری الذمہ x ذمہ دار
بَرّی x بَحری
بَریت x اسیری، غلامی، قید
بڑبولا x عاجز، منکسر المزاج (زیادہ
بولنے والا) کم گو
بھڑ بھاگی x ابھاگی
بڑھکوا x سیانا، چتر
بڑپیٹو x کم خور
بڑا x چھوٹا
بڑائی x سبکی
بڑھاپا x جوانی
بڑھاؤ x گھٹاؤ
بڑھنا x گھٹنا
بڑھوتری (زیادتی) x گھٹاؤ، گھٹی (ب۔ڑھوت۔ری)
بڑھیا x گھٹیا
بڑی x چھوٹی
بڑے x چھوٹے
بُزدِل x شیر دل، دلیر، بہادر
بُزدلی x دلیری، بہادری
بزرگ (بڑی عمر کا) x صغر سن، کوچک (بڑا) حقیر، اونیٰ
بزرگی (بڑائی) x سبکی
بَس x بے بسی

بس (زہر) x تریاق، زہر مہرہ
بسانا x اُجاڑنا (آباد جگہ) بستی، اجاڑ
بسط x قبض
بسیار x قلیل، ذراسا، بہت تھوڑا
بسیار پہلو x یک پہلو
بسیار خور x محتاط خور، کم خور (خر)
بسیار گو x کم گو، کم گفتار
بسیط x تنگ، کوتاہ، عریض
بشاش x ناخوش، مغموم، غمگین
بشاشت x غمگینی، اداسی، رنجیدگی، افسردگی
بشر x حیوان
بشرطیکہ x تا وقتیکہ
بشریات x الہیات
بشریت (انسانیت) x عدم انسانیت
بشری x خدائی، حیوانی
بصارت x بے بصری
بصیر x بے بصر، نابینا (دانا) نادان
بصیرت x بے بصری، نادانی، ناسمجھی، جہالت
بطن x ظہر
بطنی x ظہری
بطی الحرکت x سریع الحرکت
بطی الحس x سریع الحس
بطی الفہم x سریع الفہم
بطی الہضم x سریع الہضم
بعد x پہلے، قبل، آگے
بعد از آں x قبل ازاں (بعد، از، آں)
بعد از اضطباعی x قبل از اضطباعی
بعد از وقت x قبل از وقت
بعد از ولادت x ماقبل ولادت
بعد از x قبل از
بعد x قرب
بعض (کچھ) x اکثر
بعض اوقات x ہروقت، کبھی نہیں
بعید x قریب
بعید العقل x قرین عقل، قریب العقل
بعید القیاس x قرین قیاس
بغاوت x اطاعت
بغض x خلوص، چاہت (انسانی) محبت
بغلی قمر x صندوقی قمر
بغور x بے پروائی، بے احتیاطی
بغیر x ساتھ
بقا x فنا
بقید حیات x متوفی، مرحوم

بکا x ضحک
بکاؤ x ناقابلِ فروخت
بکر (دوشیزگی) x نسائیت، عورت پن
بکری (فروخت) x خرید
بکواس x کم گوئی، کم سخنی
بکواسی x کم گو، کم سخن
بکھیڑا (الجھاؤ) x سلجھاؤ (دنگا فساد) امن وامان،
x ٹھہراؤ، سمجھوتا
بکی x کم گو، کم سخن
بگاڑ x نباہ، بہتری، سدھار
بگاڑ x سنوار، بناؤ
بگاڑنا x سنوارنا، بنانا
بگڑنا x سنورنا
بل x ناطاقتی، کمزوری
بل تاڑ x بھل تاڑ
بل دار x سیدھا، بے خم وپیچ
بلا x سکھ، راحت، آسودگی، چین
بلا (بغیر) x ساتھ، سنگ
بلا اجازت x با اجازت
بلا توقف x سست رفتاری سے
بلا شرط x بالشرط، مشروط طور پر
بلا ناغہ x وقفے کے ساتھ، بغیر مسلسل طور پر

بلا واسطہ x بالواسطہ
بلند (بلند) x پست
بلند ارادہ x پست ہمت
بلند حوصلہ x پست ہمت، کم حوصلہ
بلند خیال x پست خیال
بلند قامت x کوتاہ قامت، پست قد
بلند نظر x کم حوصلہ، پست ہمت، کم ہمت
بلند ہمت x پست ہمت
بلند ہمتی x پست ہمتی، کم ہمتی
بلندی x پستی
بلوا x سکون، سکوت، ٹھہراؤ، قرار، امن،
بلوان x نربل
بلوغت x عدم بلوغت، نابالغ پن
بلی x نربل
بن بیاہا x بیاہا
بن بیاہی x بیاہی
بنا x بے بنا ہوا
بنا بنایا x بے بنا بنایا
بناوٹی x قدرتی
بناؤ x بگاڑ
بنجر x زرخیز، اپجاؤ
بند x کھلا (بول چال)

بندوبست x بد انتظامی

بندوبست، استمراری x بندوبست سرسری، x بندوبست عارضی

بندوبست سرسری x بندوبست، استمراری

بندگی x روگردانی، غفلت، بے پروائی، بے التفاتی، بے حرمتی بے اقراری

بندہ x آقا، مالک

بندھا x بے بندھا، کھلا ہوا

بندھک (رہن) x انفکاک رہن (عدالتی اصطلاح)

بنیاد x ڈھانچا، بالائی تعمیر

بو x بے بو، بے باس

بودار x خوشبودار

بوجھل x ہلکا

بودوباش x غیر سکونت پذیری

بودا x مضبوط

بوداپن x مضبوطی

بورا (دیوانہ) x سیانا

بوریت x تفریح

بوڑھا x کم عمر، جوان، نوجوان

بوسیدہ (گلاسڑا) x تازہ، (ٹوٹا پھوٹا) صحیح سالم

بوقلمون x یک رنگ، سادہ

بوقلمونی x یک رنگی

بوکھلاہٹ x اطمینان، سکون، تسلی

بونا x دیوسا، دیوقامت، عظیم الجثہ

بوندا باندی x موسلا دھار بارش، بھرن

بہادر x بزدل

بہادرانہ x بزدلانہ

بہادری x بزدلی

بہار x خزاں

بہانہ (ٹال مٹول) x صاف دلی، سچائی

بہانہ ساز x صاف دل، راست باز

بہاؤ x ٹکاؤ (بہنا) رسنا

بہت x کم، تھوڑا

بہت خوب x بدتر، زیادہ خراب

بہتات x توڑا، قلت

بہتان (تہمت) x ستائش، تحسین، توصیف

بہتر x بدتر

بہتری x ابتری، بدحالی

بہترین x بدترین

بہروپ (نقالی) x حقیقت نمائی، اصلیت، (فریب، دھوکا)، صاف دلی، سادگی

بہروپیا x حقیقت نگار

بہرہ مند x بدنصیب

بہرہ مندی x بدنصیبی

بَہرہ وَر (بہرہ مند)	x	بے بہرہ، بدنصیب
بہشت	x	دوزخ
بہشتی (جنتی)	x	دوزخی
بہم	x	الگ الگ، فرداً فرداً، فرد فرد
بہم دیگر	x	فرداً فرداً
بہم رسانی	x	مانگ (معاشیات)
بہنا	x	تھمنا
بہی خواہ	x	بدخواہ
بہی خواہی	x	بدخواہی
بہیمی (حیوانی)	x	انسانی
بھاٹا	x	جوار
بھاری	x	ہلکا
بھاری بھرکم	x	غیر سنجیدہ (عزت والا) ہرزہ سر،
(سنجیدہ)	x	(موٹا تازہ)، دبلا پتلا
بھاری پن	x	ہلکا پن
بھاگ (قسمت)	x	بدقسمتی، بدبختی، ابھاگ
بھاگ وان	x	نربھاگی، ابھاگی
بھاگی	x	نربھاگی
بھائی چارا	x	دشمنی، بدخواہی، بداندیشی،
	x	عداوت
بھدا	x	سندر، خوبصورت،
	x	(ست)، پھرتیلا

بھرپور	x	پولا، خالی، تہی
بھرا	x	پولا، خالی، تہی
بھرا بھرا	x	نحیف
بھرم (شہرت، ساکھ)	x	رسوائی، بدنامی
بھرنی	x	سونی
بھروسا	x	دبدھا، شک
بھروبھریا	x	کپٹی
بھروکیلا	x	کورا، سادہ
بھکاری	x	دھنی، مالدار، امیر
بھگت	x	ناستک، لامذہب
بھگوان	x	بھوت، شیطان
بھگوڑا (ڈرپوک)	x	سورما، نڈر
بھلا	x	برا
بھلا چنگا	x	روگی
بھلا مانس	x	اوچھا
بھلانا	x	یاد رکھنا
بھلاوا (فریب دھوکا)	x	صاف دلی
بھلائی	x	برائی
بھلکڑ	x	چوکس، چوکنا، خبردار
بھلمنسائی	x	اوچھاپن، کمینگی
بھلی	x	بری

بھلے x بُرے

بھور (علی الصباح) x جھٹ پٹا

بھوک (اشتہا) x بے ذوقی، ناپسندیدگی

بھول x یاد، یادآوری

بھولا x پاپی، خاطی، بدکار

بھولاپن x خطاکاری، پاپ

بھولنا x یاد رکھنا

بھونچکا (پریشان) x پُرسکون، چپ چاپ

بھونڈا x سُندر

بھید (راز) x کھلا

بھیگا x خشک، سوکھا

بھیگی x سوکھی

بے آب x بارونق، زرق برق

بے آبرو x باآبرو، ذی عزت، صاحبِ آبرو

بے آبروئی x آبرو، عزت

بے آب و رنگ x بارونق، زرق برق

بے آرام x آرام دہ، پُرسکون

بے آرامی x چین، سکون

بے آس (مایوس) x محظوظ، مسرور، خوش

بے اتفاقی x اتفاق

بے اثر x بااثر، پُراثر

بے احتیاط x محتاط

بے احتیاطی x احتیاط

بے اختیار x بااختیار

بے اختیاری x اختیار

بے ادب x باادب، شائستہ، مہذب

بے ادبی x لحاظ، احترام، ادب

بے اشتباہ x مشتبہ، مشکوک

بے اصل x قابلِ جواز، معقول

بے اعتبار x قابلِ اعتبار، معتبر

بے اعتباری x معتبری

بے اعتدال x اعتدال پسند

بے اعتدالی x اعتدال، میانہ روی

بے اعتقاد x خوش اعتقاد، سریع الاعتقاد

بے اعتنائی x اعتنا، احتیاط

بے التفاتی x التفات

بے امتیاز x صاحبِ تمیز، باتمیز

بے امتیازی x امتیاز

بے انتظامی x انتظام

بے انتہا x محدود، متناہی، انتہا

بے اندازہ x محدود

بے انصاف x انصاف پسند، عدل پسند

بے اولاد x صاحبِ اولاد

بے ایمان x باایمان، دیندار، دیانت دار،
ایماندار

بے ایمانی x دینداری، دیانت داری،

بے باق x باقی

بے باک x ڈرپوک، کم ہمت، خوفزدہ،
بے حوصلہ،

بے باکانہ x بزدلانہ

بے باکی x کم حوصلگی، بزدلی

بے بال وپر x پردار (باطاقت) طاقتور، زورآور

بے بر x بارآور، ثمر بخش

بے برگ وبار x بارآور

بے بس x بااختیار

بے بسی x اختیار

بے بصر x بینا

بے بصری x بینائی

بے بنیاد x حق بجانب، حقائق پر مبنی

بے بہا x بلاقدر وقیمت

بے بہرہ x بہرہ ور، بخت آور

بے پایاں x محدود

بے پردگی x پردہ

بے پردہ x پردہ پوش

بے پروا x خبردار، چوکس

بے پروائی x چوکسی، احتیاط

بے تاب x پُرسکون (بے طاقت) طاقتور

بے تابانہ x بے عجلت، باطمینان (گھبراکر)
بادل ناخواستہ، جھجکتے ہوئے

بے تابی x سکون

بے تاثیر x مؤثر، کارگر

بے تحاشا x سنبھل کر، احتیاط کے ساتھ

بے تدبیر x محتاط، باتدبیر

بے ترتیب x باترتیب، ترتیب وار

بے تصنع x پُرازتصنع

بے تعصب x متعصب، جانبدار

بے تعصبی x جانبداری

بے ترتیبی x ترتیب، صف بندی

بے تعلق x متعلقہ

بے تقصیر x قصوروار

بے تکلف x پُرتکلف

بے تمیز x باتمیز، مہذب، تمیزدار

بے توجہ x متوجہ

بے توجہی x توجہ

بے توقع x پُرامید، باامید

بے ثبات x پائیدار، ٹکاہٹ

بے ثمر x ثمر بخش، ثمرور

بے جا x بجا

بے جان x جان دار، زندہ، جیتا جاگتا،

x بقیدِ حیات

بے جرم x مُجرم، خطاوار، قصور وار

بے جوڑ x موزوں، مناسب

بے چارگی x اختیار

بے چارہ x صاحبِ اختیار، قادر

بے چراغ (ویران) x آباد

بے چین x مطمئن، پُرسکون

بے چینی x پُرسکونی، اطمینان

بے حاصل x سود مند، فائدہ مند

بے حال x آسودہ، خوش حال

بے حالی x خوش حالی، آسودہ حالی

بے حجاب (بے پردہ) x پردہ پوش، نقاب پوش

بے حجابانہ x پُرتکلف، (بے روک ٹوک)

x روک ٹوک سے

بے حجابی x حجاب

بے حد x محدود

بے حرکت x حرکت پذیر، متحرک

بے حرمت x معزز، عزت دار

بے حرمتی x حرمت، عزت

بے حس x قابلِ حس، حساس

بے حس و حرکت x متحرک

بے حساب x قابلِ شمار، شمار پذیر

بے حکمت x دانا، عاقل، دانش مند

بے حوصلہ x پُرجوش، بلند ہمت، حوصلہ مند

بے حیا x باحیا، شرمسار، نادم

x (بے ادب) مؤدب

بے حیائی x شرم، شرمندگی

بے خار x خاردار

بے خبر x باخبر، آگاہ

بے خبری x آگہی

بے خرد x خرد مند

بے خطا x خطاوار، خطاکار

بے خطر x خوف زدہ، ڈرپوک

بے خواب (بیدار) x خوابیدہ

بے خوابی x خواب آلودہ، پُرسکونی

بے خود (مدہوش) x ہوش مند (اپنے آپ سے بے خبر)

باخبر

بے خودی (مدہوشی) x ہوشمندی

بے خوف x خوف زدہ، خائف

بے خوفی x خوف زدگی، بزدلی

بے داد x داد دہی، انصاف، رحم

بے داد گر (ظالم) x رحم دل، درد مند، (نا انصاف) عادل

بے دادگری x رحم (بے انصافی)، انصاف

بے داغ x داغ دار، (بے قصور) قصور وار

بے دانش x دانش مند

بے دانہ x بجالا، بیج بھرا، بیجم بیج

بے دخل x مشمول، شامل

بے دخلی x شمول، اندراج

بے درد x درد مند، رحم دل، ہمدرد

بے دردی x درد مندی، رحم دلی، ہمدردی

بے درماں x نا قابلِ علاج، ممکن الشفا

بے دریغ x فکر مندانہ، فکر و احتیاط سے

بے دست و پا x با اختیار

بے دستور x با قاعدہ، حسبِ دستور

بے دل (دل برداشتہ) x مسرور مگن، رضامند

بے دلی سے x بہ رضا و رغبت، خوشی سے (بادلِ ناخواستہ)

بے دلیل x استدلالی

بے دم (بے جان) x زندہ، جیتا جاگتا (سست) چست

بے دوا x ممکن الشفا، قابلِ علاج

بے دوش x قصور وار، دوشی

بے دھڑک x خائف، خوف زدہ، (دلیر) x بزدل، ڈرپوک

بے دین x دین دار

بے ڈول x خوش شکل، خوش وضع

بے ڈھب x وضع دار، طرحدار

بے ڈھنگا x (بول چال) ڈھنگ کا، شائستہ، x خوش سلیقہ، چھیل چھبیلا

بے ڈھنگی x ڈھنگ کی

بے ذوق x باذوق، صاحبِ ذوق، x (بے مزہ) خوش ذائقہ

بے ذوقی x خوش ذوقی

بے راہ (بدچلن) x نیک چلن، نیک طینت، x خوش اطوار

بے راہ رو (بدچلن) x نیک طینت، نیک چلن

بے راہ روی x نیک چلنی، نیک خوئی

بے ربط x باضابطہ، منضبط، باترتیب، مربوط

بے ربطی x باضابطگی، باترتیبی

بے رحم x رحم دل

بے رحمی x رحم دلی

بے رس x رس دار

بے رنگینی x رنگینی

بے روزگار x ملازم، تنخواہ دار

بے روزگاری x روزگار

بے رونق x بارونق

بے ریا x ریاکار

بے ریائی x ریاکاری

بے ریڑھ x ریڑھ دار

بے ریش x ریش دار، دڑھیل

بے ریشہ x ریشہ دار

بے زار x مشتاق، رضامند، خوش

بے زاری x رضامندی، خوشی، آرزومندی،

x خواہش

بے زبان x نُطقی، (کم گو) پُرگو

بے زر x زردار، مالدار

بے زری x زرداری، مالداری، دولت مندی

بے زور x زورمند، زورآور

بے ساختگی x پیچیدگی، اُلجھاؤ

بے ساختہ x بے محل

بے سامانی (مفلسی) x دولت مندی، ثروت، زرداری

بے سدھا x سدھا

بے سروپا (بے بنیاد) x قابلِ جواز

بے سروسامان x دولت مند، زردار

بے سروسامانی x زرداری، دولت مندی، ثروت

بے سکون x پُرسکون

بے سلیقہ x سلیقہ مند، باتمیز

بے سمجھ x سمجھ دار

بے سود x سودمند

بے شرم x باحیا، غیرت مند، شرمیلا

بے شرمی x حیا، شرم

بے شعور x باشعور

بے شکلی x خوش شکلی

بے شمار x شمار پذیر، قابلِ شمار، تخمین پذیر

بے شور x پُرشور

بے صبر x صابر، متحمل مزاج

بے صبری x تحمل قائم مزاجی، ثابت قدمی

بے صدا x پُرشور، پُرغل

بے ضابطہ x باضابطہ، باقاعدہ، حسبِ ضابطہ

بے ضابطگی x باضابطگی، باقاعدگی

بے طاقت x طاقتور، زورآور

بے طاقتی x طاقت، زور

بے طالع x خوش بخت، خوش قسمت،

x خوش اقبال

بے طریق x باقاعدہ

بے طور x حسبِ قاعدہ

بے عدل x عدل، عدل پسند، عادل

بے عزت x معزز، ذی عزت

بےعزّتی x عزّت، توقیر

بےعَقل x باعَقل، خِرَدمند، عَقلمند، عاقِل

بےعَیب x عَیب دار

بےغَرَض x خود غَرَض

بےغَرَضی x خود غَرَضی

بےغِل و غَش x جانبداری، غَرَض مندی سے

بےغم x غمگین، ناخوش، ناشاد

بےغیرَت x غیرَت مند، نادِم، شرمسار

بےغیرَتی x ندامت، شرمساری، شرمندگی

بےفایدہ x فایدہ مند، سُود مند

بےفِکر x فِکر مند، مُتفکّر

بےفِکری x فِکر مندی، تفکّر

بےفَیض x فَیض رَساں، فَیض بَخش

بےقابو x قابلِ ضبط

بےقاعِدگی x باقاعِدگی، باضابطگی

بےقاعِدہ x باقاعِدہ، باضابطہ

بےقَدر x قابلِ قَدر، قابلِ توجّہ، قابلِ لحاظ

بےقَدرا x قَدرداں، قَدرشناس

بےقَدری x قَدردانی

بےقرار x مُطمَئِن، پُرسکون

بےقراری x اِطمینان

بےقَرینہ x باقَرینہ

بےقَصد x بااِرادہ

بےقُصُور x قُصُوروار

بےقیاس x قَریبُ القِیاس، قابلِ فہم

بےقَید x پابند، ضبط شدہ، گرِفتار

بےکار x کارآمد، سَرگرم، مَصرُوف

x فَعّال، مُفید، مُلازِم

بےکاری x مُلازمَت، شُغل، روزگار، نوکری

x دَھندا، سَرگرمی، فعالیت

بےکَراں x مَحدُود، مُتناہی

بےکَل (بےچین) x پُرسکون

بےکَلی x سکون، قرار

بےکَم و کاست x نادُرست

بےگُماں x مَشکُوک، مُشتَبہ، قابلِ شُبہ

بےگُناہ x گُنہگار

بےگُناہی x خطا کاری، گُناہ گاری

بےلَچک x لَچکدار، لَچکیلا، لَچیلا

بےلحاظ x نادِم، شَرمسار (بےادب)

x صاحبِ سلیقہ، خوش اخلاق

بےلُطف x پُرلُطف، دِلچسپ، ہیجان آور

بےلُطفی x پُرلُطفی، دل آویزی

بےلگاؤ x مَربُوط، جُڑا ہوا

بےلوچ x لَچک پذیر، لَچکدار، لَچکیلا، لَچیلا

بے مائگی (مفلسی) x دولت مندی، تونگری، ثروت

بے مایہ (مفلس) x متمول، دولت مند، تونگر

بے محابہ x تابع احتساب، قابلِ باز پرس، جواب دہ

بے محل x برمحل (نامناسب) مناسب

بے مروت x بامروت

بے مروتی x لحاظ، مروت

بے مزہ x مزیدار

بے معنی x بامعنی، معنی خیز

بے مقدور x ذی مقدرت (مفلس) متمول، دولت مند

بے موسم x باموقع، مناسب وقت پر

بے موقع x برموقع، بروقت

بے مہر (بے مروت) x بامروت

بے نام x مشہور، معروف، رفیع الشان

بے نام ونشان x مانوس، معروف، جانا بوجھا

بے نصیب x نیک نصیب، خوش قسمت، بخت آور

بے نصیبی x نصیب، قسمت

بے نظیر x عامۃ الوقوع، معمولی، متداول، مروجہ

بے نقط x منقوط

بے نماز x نمازی

بے نمک x نمک دار، نمکین، کھاری x (رنگت میں ملاحت کا نہ ہونا)

بے ننگ x باحیا، حیادار

بے ننگ ونام x باحیا، حیادار، (بدچلن) پاکدامن

بے نوا x مرفہ الحال، خوش حال، دولتمند

بے نور x پرنور

بے نیاز x نیازمند، محتاج، فکرمند، دست نگر

بے وضو x باوضو

بے وطن (پردیسی) x دیسی، مقامی

بے وفا x باوفا، وفادار

بے وفائی x وفاداری

بے وقار x باوقار، معزز

بے وقت x بروقت

بے وقر x عالی مقام، بلند مرتبت، معزز

بے وقری x عزت، توقیر

بے وقوف x عقلمند، دانش مند

بے وقوفی x عقلمندی، دانش مندی

بے ہمت x فراخ حوصلہ، عالی ہمت (ست) چست، پھرتیلا (بزدل) دلیر

بے ہنر x ہنرمند

بے ہنگم x زیبا، وجیہہ، دلکش، سندر، خوش

x اندام (ناموزوں) موزوں

بے ہودگی x شائستگی، تمیز

بے ہودہ x شائستہ، تمیز دار

بیہودہ گو x خوش کلام

بیہودہ گوئی x خوش کلامی

بے ہوش x باخبر، باہوش، ہوشمند

بے ہوشی x واقف کاری، آگاہی، ہوشمندی

بیاہ x طلاق، خلع

بیاہا x ان بیاہا

بیاہی x ان بیاہی

بیچنا x خریدنا

بیدار x خفتہ، خوابیدہ

بیدار بخت x بدنصیب، بدبخت

بیداری x غفلت، بے خبری، بے احتیاطی، بے سمجھی

بیر x یاری، ہم آہنگی، اُنس

بیر (بہادر) x ڈرپوک، بزدل

بیرون x اندرون، اندر

بیرونی x اندرونی

بیری x یار، سجن

بیزار x مشتاق، خوش، رضامندی

بیزار کن x خوش کن

بیزارگی x خوشی، وابستگی، رضامندی

بیزاری x دلچسپی، خوشی، اُلفت

بیش x کم

بیش بہا x ارزاں

بیش تر x کم تر، فروتر

بیش قیمت x کم قیمت، ارزاں

بیشی x کمی

بیضوی x آفتابی

بیع x شرا

بیگانگی x یگانگی

بیگانہ x یگانہ

بیمار x تندرست

بیماری x تندرستی

بیّن x مبہم، دھندلا،

x (تلفظ: بیّن - بَی - یَن)

بینا x نابینا

بینائی x بے بصری، اندھاپن

بیوہ x سہاگن

پ

پابند x آزاد

پابندی x آزادی

پاپیادہ x سوار

پامال (مصیبت زدہ) x خوش حال

پامالی (مصیبت) x خوش حالی

پامرد (ثابت قدم) x بے اِستقلال، غیر مستقل مزاج
(بہادر) نامرد، بزدل

پامردی x بے اِستقلالی (بہادری)
نامردی، بزدلی

پاپ x پُن

پاپی x بے گناہ، نیکوکار، نیک

پاجی x عالی منش، بھلامانس

پاجی پن x بھلمنسائی، شرافت

پاداش (بدلہ) x معافی

پادشاہ x فقیر، گدا

پادشاہانہ x فقیرانہ

پادشاہت x فقیری، درویشی

پادشاہی x فقیری

پارسا x عیاش، بدکار، شہوت پرست

پارسال x اِمسال

پارسائی x عیاشی، بدکاری، شہوت پرستی

پارلیمانی x غیر پارلیمانی

پارہ x کل

پارینہ x نیا، حالیہ، جدید

پاس (لحاظ، ادب) x گستاخی، بے ادبی

پاس x پرے، دور

پاس بان x صرفِ نظر کنندہ

پاس بانی x نظر اندازی، بے دھیانی

پاس دار x غیر جانب دار

پاس دارانہ x غیر جانبدارانہ

پاس داری x غیر جانبدارانہ

پاس داری x غیر جانبداری

پاستان x جدید، نیا، حالی

پاستانی x حالیہ، موجودہ

پاک x ناپاک، گندہ

پاک باز x بدکار، بدنظر (ایماندار) بے ایمان

پاک بازی x بدکاری، بدی، (ایمانداری)
بے ایمانی

پاک داماں x عیاش، شہوت پرست

پاک دامانی x عیاشی، شہوت پرستی

پاک صاف x ناپاک، نجس، گندہ

پاک نظر (پاک نگاہ) x بدنظر، بدنگاہ

پاک نہاد x بدنہاد

پاکی x گندگی، میلاپن

پاکیزگی x گندگی، میلاپن

پاکیزہ x پلید، ناپاک، نجس

پاگل x سیانا، عاقل
پاگل پن x چترائی، ہوشمندی
پالتو x وحشی
پالو x تجو
پانا x کھونا
پانی x آگ (بول چال)
پاؤں x سر (بول چال)
پائے دار x ناپائیدار
پائے داری x ناپائیداری
پائینت x سرہانا
پائینتی x سرہانے
پائندہ x ناپائیدار، ہنگامی، عارضی
پایاب x غرقاب
پتا x ماتا
پتلا x گاڑھا، دبیز
پلپل x سخت
پٹ (اوندھا) x چت
پٹی x تھوک
پچھاڑی x اگاڑی
پچھان x پورب
پچھتاوا x بے ندامتی، ناپشیمانی
پچھلا x اگلا

پچھلی x اگلی
پچھلے x اگلے
پچھم x پورب
پچھمی x پوربی
پچھواڑا x اگواڑا
پختگی x خامی
پختہ (پکا ہوا) x خام، ناپختہ، (تجربہ کار)
x ناتجربہ کار
پختہ کار x ناتجربہ کار
پدر x مادر
پدرانہ x مادرانہ
پدری x مادری
پذیرائی (منظوری) x ناپسندیدگی، غیر ہر دل عزیزی،
x نامقبولیت
پر x نیچے
پُر x خالی
پراچین (پرانا) x نیا، جدید
پراگندگی (پریشانی) x تسکین، تشفی، آسودگی
پراگندہ x آسودہ، مطمئن
پرانا x نیا
پرانی x نئی
پرانے x نئے

پرائی x اپنی
پرائے x اپنے
پرایا x اپنا
پربت x وادی، گھاٹی
پرچار x پردہ پوشی، رازداری
پرچون x تھوک
پرچھائیں x چمک، روشنی کی چکاچوند
پرخاش x ہم آہنگی، ایکا، اتفاق، میل
پرخچا (ٹکڑا) x سالم، سارا
پردگی x بے پردگی
پردہ x نمائش
پردہ x بے پردہ
پردہ داری x تشہیر کاری
پردیس x دیس
پردیسی x دیسی
پرسال x امسال
پرستار x متنفر، نافر
پرستاری x تنفر
پرستش x نافرمانی، عدول حکمی، سرتابی
پرسش x جواب دہی
پرسہ x تہنیت، مبارکباد
پرکاج x آپ کاج

پروا x بے پروائی، بے دھیانی
پروا x پچھیا
پرواگی x مناہی، ممانعت
پرہیز x خواہش پرستی، تن پروری،
x لذت پرستی
پرہیزگار x خواہش پرست، عیش دوست،
x تن پرور
پرہیزگاری x خواہش پرستی، لذت پرستی
x تن پروری
پرے x ورے
پریت x گھن، نفرت، ناپسندیدگی
پریشان x مطمئن
پریشان حال x خوش و خرم، ہشاش بشاش
پریشان خاطر x جمعیت خاطر
پریشانی x اطمینان، تسکین
پریم x گھن، نفرت
پڑھا x ان پڑھ، ناخواندہ
پڑھائی (تعلیم) x لاعلمی، گمراہی
پذیرائی x ناپسندیدگی، نامقبولیت،
x غیر ہر دل عزیزی
پژمردگی x تازگی
پژمردہ x تروتازہ

پَس x پیش

پَس اندیشی x پیش خیالی، دُور بینی

پَس پائی x فتح مندی، فتح، پیش قدمی

پَس ماندہ x ترقی یافتہ، آگے بڑھا ہوا

پَس منظر x پیش منظر

پَس و پیش x آمادگی

پَسارا (فراخی) x تنگی (پھیلاؤ) سماؤ

پَست x بلند، بالا

پَست خیال x بلند خیالی، عالی خیال

پَست قامت x بلند قامت

پَست قد x دراز قد، قد آور

پَست ہمت x عالی ہمت، حوصلہ مند،

x فراخ حوصلہ

